© rasailojaraid.com

ڈاڑھی رہ گئی ہے جس کا خیال رکھا جاتا ہے۔ آپ کو یہ حق ہے کہ آپ دوسری جزئیات دین کا آپ نے تذکرہ بھی کیا ہے اس کے مرتکب افراد کی امامت پر اعتراض کریں اور نمازیوں کو عمومی اور خصوصی طور پر توجہ دلائیں کہ وہ مساجد میں ایسے اماموں کا تقرر کریں جن میں یہ خرابیاں نہیں پائی جاتیں۔ لیکن ڈاڑھی نہ رکھنے کے باوجود تراویح پڑھانے کے اعتراض پر ناراض ہونا یا کسی ردِ عمل میں پڑنا مناسب نہیں۔ مجھے یہ پڑھ کر خوشی ہوئی کہ آپ آئندہ کے لیے ڈاڑھی رکھنے کا عزم رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

۲۔ آپ کے دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ جب تک بنکوں میں صحیح طرح سے غیر سودی نظام قائم نہیں ہو جاتا اس وقت تک ان کی آمدنی رزقِ حلال کی تعریف میں نہیں آتی۔ باقی رہا ملازمت کرنا نہ کرنا، سو وہ آپ کا ذاتی فعل ہے۔ اس پر خود غور کر کے فیصلہ کریں۔

رہا آئندہ بنک کا نظام چلانے کا انتظام سو انشاء اللہ تحریکِ اسلامی کو نئے بنانے ماہرین بنک کاری ملتے ہیں اور ملتے رہیں گے۔

(مولانا عبدالمالک)

---

## ہماری نئی مطبوعات

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ خورشیدِ رسالت کی پانچ کرنیں | آباد شاہ پوری | ۱۸/ روپے |
| ۲۔ یادِ رفتگاں | ماہر القادری | ۴۲/ " |
| ۳۔ اسلام میں جرم و سزا | ڈاکٹر عبدالعزیز عامر | ۴۳/ " |
| ۴۔ اسلامی ریاست کی ذمہ داریاں | امام ابن تیمیہ | ۱۸/ " |

البدر پبلی کیشنز۔ اردو بازار۔ لاہور

© rasailojaraid.com